اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن      اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مَدَنی مذاکرے کے منتخب سُوال جواب (مختصر و خلاصہ)

| | | |
|---|---|---|
| 18 محرم الحرام 1445ھ | عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی | 05 اگست 2023ء |

**سوال:** موسمیاتی مسائل ایک حقیقت ہے، امیر اہل سنت آپ ارشاد فرمائیں کہ اس کا کیا حل ہے؟

**جواب:** پہلا تو یہ ہے کہ ہم دعا کریں کہ اے اللہ پاک! ہمیں دنیا و آخرت میں عافیت عطا فرما، دوسرا یہ کہ شجر کاری کریں جس طرح ایف.جی آر ایف کر رہی ہے اگر لاکھوں کروڑوں پودے لگائے جائیں اور پودے لگا کر اس کی دیکھ بھال کر کے درخت بنایا جائے تو موسمیاتی مسائل کا حل ہو سکتا ہے۔ اسی طرح پانی اور کھانے پینے کی اشیا کو ضائع ہونے سے بچائیں، مگر ان دونوں کو بے دردی سے ضائع کیا جاتا ہے۔ شاید اسی وجہ سے ملک و بیرون ملک مہنگائی کا ریشو بڑھ گیا ہے۔

**سوال:** علم حاصل کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

**جواب:** علم کے بہت فوائد ہیں، علم دین حاصل کرنے سے کئی مسائل حل ہو جاتے ہیں۔

**سوال:** کیا جنوں اور فرشتوں کو ایصال ثواب کیا جا سکتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! مسلمان جنوں اور فرشتوں کو ایصال ثواب کیا جا سکتا ہے اسی طرح انبیاء اور رسولوں کو بھی ایصال ثواب ہو سکتا ہے۔ سید المعصومین، تمام نبیوں کے سردار حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو بھی ایصال ثواب کیا جا سکتا ہے۔

**سوال:** بنگلا دیش میں ڈینگی کا مرض بڑھ گیا، اس کا روحانی علاج بتا دیجئے۔

**جواب:** روزانہ گیارہ (11) مرتبہ "**یاسلام**" پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور اُٹھتے بیٹھتے **یَاسَلَامُ** کا ورد کرتے رہیں، دوسرا روحانی علاج **یَاشَافِیَ الْاَمْرَاض** سو (100) مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کریں۔

**سوال:** بولنے اور لکھنے میں کیا احتیاط کی جائے؟

**جواب:** وہی بولا جائے اور لکھا جائے جس سے آخرت میں شرمندہ نہ ہونا پڑے۔ قیامت میں ہر حرف کا حساب ہے اس لیے بولنے میں بھی احتیاط کی جائے۔

**سوال:** کوئی کام بھی کیا جائے تو اس میں احتیاط لازمی ہے؟

**جواب:** جی ہاں! جو کام بھی کیا جائے شریعت کے مطابق ہو اور سلیقے سے کیا جائے۔ شادی ہو یا نیاز، سبھی میں حکم شریعت پیش نظر رکھیں۔

**سوال:** بعض لوگ وطن عزیز کی کمزوریاں بیان کر دیتے ہیں، ایسا کرنا کیسا؟

**جواب:** ہمارا ملک عزیز اسلام کا قلعہ ہے، یہاں مساجد میں نمازیں ہو رہی ہیں، نیکی کی دعوت دینے کی آزادی ہے۔ مسلمانوں کا ملک اور آزاد وطن ہے۔ جب ہم باہر جاتے ہیں تو اپنا ملک سستا لگتا ہے۔ باہر بہت مہنگائی ہے اور بھی بیرون ملک میں کئی مسائل ہیں جو لائیو بیان نہیں ہو سکتے۔ اپنے ملک و گھر کو بُرا کہنا ویسے بھی عقل مندی نہیں ہے۔ گھر یا ماں باپ یا اولاد میں کوئی کمزوری ہو بھی تو بندہ اسے دبائے گا، کسی کے سامنے بیان نہیں کرے گا۔ وطن کو مادر وطن کہتے ہیں۔ یعنی وطن ماں جیسا ہوتا ہے۔ ہمارا وطن اچھا ہے ہمیں اس کی تعمیر کرنی چاہئے۔ اللہ پاک ہمارے وطن اور دنیا بھر میں امن رکھے، امن ہو گا تو نیکی کی دعوت کی دھوم مچی رہے گی۔

**سوال:** مفتی دعوت اسلامی مولانا حافظ محمد فاروق عطاری مدنی مرحوم کا وصال 18 محرم الحرام کو ہوا، آج ان کی شبِ عرس ہے، آپ کیا فرماتے ہیں؟

**جواب:** مفتی دعوت اسلامی عالمِ باعمل تھے۔ ان کے کردار سے عمل نظر آتا تھا، ہم نے انہیں قریب سے دیکھا ہے۔ بہت جلد جوانی میں ہم سے جدا ہو گئے، ان کا جمعہ کے دن بعدِ جمعہ مطالعہ کرتے ہوئے اکیلے میں وصال ہو گیا تھا۔

**سوال:** کہا جاتا ہے کہ مرغا اذان دیتا ہے جبکہ اذان مسجد میں نماز کے لیے دی جاتی ہے۔ کیا مرغے کے لیے اذان کا لفظ کہہ سکتے ہیں؟

**جواب:** کوئی حرج نہیں۔ اذان کا لغوی معنی ہے اعلانِ عام۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ مرغے کو برا مت کہو کہ یہ نماز کے لیے جگاتا ہے۔ بعض صحابہ کرام اپنے ساتھ مرغا رکھتے تھے کہ نماز کے لیے جگائے گا۔

**سوال:** اِس ہفتے کا رِسالہ "جمعہ کے فضائل" پڑھنے یا سُننے والوں کو امیر اہلسنت نے کیا دُعا دی؟

**جواب:** یارَبَّ المصطفٰے! جو کوئی 25 صفحات کا رسالہ "جمعہ کے فضائل" پڑھ یا سن لے اُسے جمعہ کے مبارک دن کے صدقے اپنی رحمتوں سے مالا مال فرما اور اُس کی بے حساب مغفرت فرما۔ اٰمِیْن بِجاہِ خاتم النّبیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم۔

Pakistan Mushawrat Office (Dawateislami)